## صدر آصف زرداری کے خلاف نازیبا زبان استعمال کرنے پرایم کیوایم احتجاجی ریلی منعقد کرے گی، رابطہ کمیٹی کا فیصلہ

## احتجاجی ریلی بروز اتوار دوپہر 2 بجے تبت سینٹر کراچی میں منعقد ہوگی، الطاف حسین نے توثیق کردی

## مسلم لیگ (ن) کی جانب سے صدر مملکت کے خلاف بیہودہ زبان کا استعمال استحکام پاکستان کو نقصان پہنچانے کا عمل ہے، الطاف حسین

## ایم کیوایم، جمہوریت کی بقاء کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی، صدر مملکت کو یقین دہانی

## جمہوریت پسند سیاسی جماعتوں کے رہنما، کارکنان اور عوام احتجاجی ریلی میں بھرپور شرکت کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔28، اکتوبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ صدر آصف علی زرداری کے خلاف مسلم لیگ (ن) کی جانب سے نازیبا زبان استعمال کرنے پر اتوار کو دوپہر 2 بجے تبت سینٹر، ایم اے جناح روڈ کراچی کے مقام پر احتجاجی ریلی کا انعقاد کرے گی۔ یہ فیصلہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ہنگامی اجلاس میں ہوا جس کی ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے توثیق کردی ہے۔

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ نواز گروپ کے زیراہتمام لاہور میں منعقدہ جلسہ میں وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف اور دیگر مقررین کی جانب سے صدر پاکستان آصف علی زرداری کے خلاف نازیبا اور غلیظ زبان استعمال کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ صدر مملکت کے خلاف بیہودہ زبان کا استعمال کسی کی ذات کو نیچا دکھانے کا ہی نہیں بلکہ استحکام پاکستان کو بھی نقصان پہنچانے کا عمل ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم ہر کڑے اور مشکل وقت میں ان کا بھرپور ساتھ دے گی اور جمہوریت کی بقاء کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ انہوں نے رابطہ کمیٹی کی جانب سے احتجاجی ریلی کے فیصلے کی توثیق کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی کہ وہ استحکام پاکستان، جمہوری عمل کو جاری رکھنے کیلئے اور صدر آصف علی زرداری سے اظہار یکجہتی کیلئے ایم کیوایم کی احتجاجی ریلی میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔ جناب الطاف حسین نے تمام جمہوریت پسند جماعتوں بشمول پیپلز پارٹی کے رہنماؤں اور کارکنوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ایم کیوایم کے تحت ہونے والی احتجاجی ریلی میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کرکے استحکام پاکستان اور جمہوری عمل کو جاری رکھنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

☆☆☆☆☆